2025-04-13

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی کل امبیڈکر جینتی کے موقع پر ہریانہ میں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- وقف سے متعلق تشدد کے واقعات کے بعد کلکتہ ہائی کورٹ نے مغربی بنگال کے مرشد آباد ضلع میں فوری طور پر مرکزی دستے تعینات کئے جانے کا حکم دیا ہے۔

3- حکومت نے پدم ایوارڈز 2026 کے لیے نامزدگیاں مدعو کی ہیں۔ اعزازات کا اعلان اگلے برس یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جائے گا۔

4- محکمہئ موسمیات نے آج آسام اور میگھالیہ میں شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

5- بھارت کے غیر ملکی زر مبادلہ کے ذخائر 10.8 ارب امریکی ڈالر کے اضافے کے ساتھ 676.26 ارب امریکی ڈالر مالیت کے ہوگئے ہیں۔

6- امریکہ نے تازہ ترین محصولات سے اسمارٹ فونز اور کمپیوٹرز کو مستثنیٰ قرار دیا ہے۔

7- امریکہ، فلوریڈا میں جاری تیر اندازی عالمی کپ اسٹیج ون کے مردوں و خواتین کی مکسڈ ٹیم مقابلے میں جیوتی سریکھا وینم اور رشبھ یادو کی بھارتی جوڑی نے سونے کا تمغہ جیتا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Haryana

وزیر اعظم نریندر مودی امبیڈکر جینتی کے موقع پر کل ہریانہ کا دورہ کریں گے۔ وہ صبح Hisar جائیں گے اور حسار سے ایودھیا کے لیے کمرشیل پرواز کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے اور حسار ہوائی اڈّے کی نئی ٹرمنل عمارت کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ جناب مودی ایک عوامی جلسے بھی خطاب کریں گے۔ اس کے بعد وزیر اعظم یمنا نگر میں ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھیں گے اور اس موقع پر ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔

ہر شخص تک بجلی پہنچنے کے ویژن کے ساتھ خطّے میں بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت دینے کی غرض سے وزیر اعظم یمنا نگر میں دین بندھو چھوٹو رام حرارتی بجلی پلانٹ کا 800 میگاواٹ کا جدید حرارتی بجلی یونٹ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ 233 ایکڑ رقبے میں پھیلا یہ یونٹ ہریانہ کو بجلی کے شعبے میں خود کفیل بنانے میں کافی مددگار ثابت ہوگا۔ اسے 8 ہزار 470 ہزار کروڑ روپے کی مالیت سے تیار کیا جائے گا اور یہ پوری ریاست میں بلا رکاوٹ بجلی کی سپلائی کو پورا کرے گا۔

آرگینِک بائیو ایگرو وسائل دھان GOBARDhan اسکیم کے ویژن کو آگے بڑھاتے ہوئے وزیر اعظم یمنا نگر میں مبارک پور میں ایک Compressed بائیو گیس پلانٹ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

جناب مودی Bharatmala Pariyojana کے تحت تقریباً ایک ہزار 70 کروڑ روپے مالیت کا 14 اعشاریہ 4 کلو میٹر ریواڑی بائی پاس پروجیکٹ کا بھی افتتاح کریں گے۔ اس سے ریواڑی شہر میں بھیڑ بھاڑ کم ہوگی اور دلّی سے Narnaul کے سفر کا وقت کم ہو کر ایک گھنٹے رہ جائے گا۔ اس کے علاوہ خطّے میں معاشی اور سماجی سرگرمیاں بڑھ جائیں گی۔×

WB High Court Murshid Abad

وقف ترمیمی ایکٹ معاملے پر مغربی بنگال کے مرشد آباد ضلع میں بڑے پیمانے پر تشدد، توڑ پھوڑ اور آگ زنی کے واقعات کے تناظر میں کلکتہ ہائی کورٹ نے فوری طور پر مرکزی دستے تعینات کیے جانے کا حکم دیا ہے۔ مغربی بنگال اسمبلی میں اپوزیشن کے لیڈر Suvendhu Adhikari کی جانب سے کلکتہ ہائی کورٹ میں دائر عرضداشت کی سماعت کے بعد عدالت نے یہ حکم جاری کیا۔ عرضداشت میں ریاست کے متعدد علاقوں میں اضطراب کی صورتحال پیدا ہونے کا الزام لگایا گیا تھا۔ جسٹس سومن سین اور راجا باسو چودھری پر مشتمل خصوصی بنچ نے معاملے کی سماعت کے بعد فوری طور پر مرکزی دستے تعینات کیے جانے کا حکم دیا۔

عدالت نے مزید کہا کہ یہ حکم مرشد آباد ضلع تک ہی محدود نہیں ہونا چاہیے۔ اگر کسی وقت بھی اس طرح کی صورتحال دیگر ضلعوں میں رونما ہوتی ہے تو وہاں بھی صورتحال اور نارمل حالات بحال کرنے کے لیے فوری طور پر مرکزی دستے تعینات کیے جائیں۔ بنچ نے مزید حکم دیا کہ مرکزی دستے ریاستی انتظامیہ کے ساتھ تعاون میں کام کریں گے۔

مرشد آباد میں جھڑپوں میں کم سے کم 3 افراد ہلاک ہو گئے اور تشدد سے وابستہ واقعات میں 138 سے زیادہ افراد گرفتار کیے گئے۔×

MHA Murshiabad Violence

مغربی بنگال کے، مرشدآباد ضلع میں تشدد کے پیشِ نظر داخلی امور کی مرکزی وزارت کے سکریٹری گووند موہن نے کل ریاست کے چیف سکریٹری اور DGP کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس کی۔ مغربی بنگال کے DGP نے بتایا کہ وہاں صورتحال کشیدہ ہے، لیکن کنٹرول میں ہے اور صورتحال پر قریبی نگاہ رکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 150 سے زیادہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے اور وہ BSF کی امداد حاصل کر رہے ہیں، جنہیں پہلے سے وہاں تعینات کیا گیا ہے۔

اسی دوران مرکزی داخلہ سکریٹری نے کہا ہے کہ مرشدآباد میں پہلے سے تعینات کیے گئے BSF کے 300 جوانوں کے علاوہ ریاستی سرکار کی درخواست پر مزید 5 کمپنیاں بھی تعینات کی گئی ہیں۔

انہوں نے ریاستی انتظامیہ کو مزید مشورہ دیا ہے کہ وہ دیگر حساس اضلاع میں بھی پوری نگاہ رکھے اور جلد سے جلد حالات کو معمول پر لانے کو یقینی بنانے کے لیے مناسب اقدامات کرے۔ جناب موہن نے کہا کہ مرکز بھی صورتحال پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے ریاست کو یقین دلایا کہ وہ ضرورت پڑنے پر مزید افرادی قوت کی تعیناتی سمیت ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔×

Amit Shah Visit

بین الاقوامی امدادِ باہمی سال کے تحت مدھیہ پردیش میں آج ریاستی سطح کی امدادِ باہمی سے متعلق ایک کانفرنس کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ امدادِ باہمی اور داخلہ امور کے مرکزی وزیر امت شاہ اس پروگرام میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Sanjeev Sharma

بھوپال میں ریاستی سطح پر امدادِ باہمی کے پروگرام کا اہتمام کیا گیا ہے، جس کی صدارت وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو کے ذریعے کی جائے گی۔ پروگرام کے دوران نیشنل ڈیری ڈولپمنٹ بورڈ اور مدھیہ پردیش ڈیری فیڈریشن کے درمیان ایک سمجھوتے پر دستخط کیے جائیں گے۔ مدھیہ پردیش میں تعاون کے ذریعے خوشحالی کا ویژن اور تعاون کے شعبے میں گوناگونیت کے تئیں کی گئی کوششوں کو بھی نمایاں کیا جائے گا۔ پروگرام کے دوران مائیکرو ATMs، کسان کریڈٹس کارڈز اور منظور شدہ قرضہ جاتی مکتوبات بھی تقسیم کیے جائیں گے۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Padma Awards

حکومت نے پدم ایوارڈز برائے 2026 کے لیے نامزدگیاں مدعو کی ہیں۔ ان ایوارڈز کا اعلان اگلے برس یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جائے گا۔ نامزدگیاں اس سال 31 جولائی تک داخل کی جا سکتی ہیں جبکہ نامزدگی کا عمل 15 مارچ سے شروع ہو چکا ہے۔

ہمارے نامہ نگار کے مطابق پدم ایوارڈز کے لیے نامزدگیاں اور سفارشات صرف راشٹریہ پُرسکار پورٹل پر ہی بھیجے جا سکتے ہیں۔

V/C- Adarsh

پدم ایوارڈز___ پدم وبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری ملک کے عظیم ترین سویلین ایوارڈز میں شامل ہیں۔ 1954 میں تفویض کیے گئے ہیں۔ یہ اعزازات آرٹ، ادب اور تعلیم کھیل کود، علم طب، سماجی خدمت، سائنس اور انجینیئرننگ امور عامّہ، سول سروس نیز تجارت و صنعت کے شعبوں میں ممتاز و غیر معمولی کام کے اعتراف میں دیے جاتے ہیں۔

ان اعزازات کا اعلان ہر سال یومِ جمہوریہ کے موقع پر کیا جاتا ہے۔ نسل، پیشے، حیثیت یا جنسی امتیاز کے بغیر سبھی شہری ان اعزازات کے مجاز ہیں۔

خواہشمند افراد راشٹریہ پرسکار پورٹل۔ ایوارڈز(dot) govt dot in پر اپنی نامزدگی یا سفارش اپ لوڈ کرسکتے ہیں۔

دلی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..............................

Punjab Besakhi

پنجاب میں بیساکھی کا تہوار آج پورے جوش و خروش اور بھائی چارے کے جذبے سے منایا جا رہا ہے۔

Song

اس تہوار کی ایک مذہبی، ثقافتی اور تاریخی اہمیت ہے۔ یہ مذہبی اعتبار سے بہت اہم تہوار ہے، کیونکہ اس دن خالصا پنت کی بنیاد رکھی گئی تھی۔ ثقافتی اور روایتی اعتبار سے یہ تہورا فصل کی کٹائی کی حیثیت سے کافی اہمیت رکھتا ہے۔

تاریخی اعتبار سے یہ اہم تہوار ہے، کیونکہ امرتسر میں آج ہی کے دن جلیاں والا باغ قتل عام کا واقعہ بھی پیش آیا تھا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Rajsh Bali

سال 1699 میں آج ہی کے دن دسویں گرو شری گرو گوبند جی نے سری آنند پور صاحب میں واقع گرو دوارہ تخت سری کیس گڑھ صاحب میں خالصہ پنت کی بنیاد ڈالی تھی۔ ملک و بیرونِ ملک سے عقیدتمندوں کی ایک بڑی تعداد یہاں اور امرتسر میں سری ہرمندر صاحب میں متھّا ٹیکنے آ رہی ہے۔ اس کے علاوہ لوگ صبح سویرے سے ہی دیگر گرو دواروں میں پوَتر گُربانی سننے وہاں پہنچ رہے ہیں اور متھّا ٹیک رہے ہیں۔

روایتی اعتبار سے کسان اپنے کھیتوں میں گندم کی کھڑی فصل کی کٹائی شروع کر کے بیساکھی منا رہے ہیں۔ آج ہی کے دن ملک اُن سینکڑوں بے قصور لوگوں کو یاد بھی کرتی ہے، جن کا 1919 میں جلیاں والا باغ میں برطانوی افسر جنرل ڈائر نے قتل عام کیا تھا۔ بے قصور اور معصوم لوگوں کی ہلاکتوں سے بھارت کی آزادی کی تحریک نے مزید زور پکڑ لیا تھا۔

زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے لوگ جلیاں والا باغ میں اُنہیں خراجِ عقیدت بھی پیش کر رہے ہیں۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..................

J&K Campaigns

جموں و کشمیر میں، مکانات اور دیہی ترقی کے محکمے نے کامیابی کے ساتھ کل "سواندھی سے سمردھی" اور "میں بھی ڈیجیٹل" اقدامات کے تحت ایک ہفتہ طویل مہم مکمل کی۔ یہ مہم تمام مقامی بلدیاتی اداروں میں 7 اپریل سے 12 اپریل تک جاری رہی۔ اس مہم کا مقصد خوانچہ فروشوں کو مرکزی حکومت کی فلاح و بہبود کی اسکیموں سے جوڑنا ہے اور ڈیجیٹل اقتصادی خدمات تک ان کی رسائی کو بڑھانا ہے۔×

## Bihar Bhim Padyatra

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے یومِ پیدائش سے قبل آج صبح پٹنہ بہار میں بھیم پدیاترا کی قیادت کریں گے۔ جناب مانڈویا گاندھی میدان سے پدیاترا کو روانہ کریں گے، جو پٹنہ کے مختلف مقامات سے گزرے گی۔ اس پدیاترا میں مائی بھارت کے ہزاروں رضاکار حصہ لیں گے۔

ڈاکٹر مانڈویا 'ایک پیڑ ماں کے نام' مہم کے حصے کے طور پر ایک پودہ بھی لگائیں گے اور صفائی ستھرائی مہم میں بھی حصہ لیں گے۔

اسکے علاوہ جناب مانڈویا ینگ انڈیا ڈائیلاگ کے لیے چنئے گئے نوجوانوں نیشنل سروس اسکیم اور یوتھ پارلیمنٹ مقابلوں کے فاتحین کی بھی حوصلہ افزائی کریں گے-x

## Imd Weather

بھارت کے محکمہٴ موسمیات نے آج آسام اور میگھالیہ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہٴ موسمیات نے کیرالہ، ماہے، ساحلی آندھراپردیش، یانم، رائل سیما اور تلنگانہ میں تیز ہواؤں اور بجلی گرنے کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی بھی کی ہے۔

## Forex Reserves

بھارت کے غیرملکی زر مبادلہ کے ذخائر 4 اپریل کو ختم ہوئے ہفتے میں 10.8 ارب ڈالر کے اضافہ کے ساتھ 676.26 ارب ڈالر پر پہنچ گئے۔ بھارتیہ ریزرو بینک کے ذریعے جاری ہفتہ وار اعداد و شمار ضمیمے کے مطابق پچھلے ہفتے کے دوران غیر ملکی کرنسی اثاثے جو ذخائر کا اہم جزو ہیں۔ یہ 9.07 ارب ڈالر اضافے کے ساتھ 574 ارب ڈالر سے زیادہ مالیت کے ہوگئے۔

سونے کے ذخائر میں 1.56 ارب ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ 79.36 ارب ڈالر مالیت پر پہنچ گئے۔

رقم نکلوانے کے خصوصی حقوق میں بھی 186 ملین ڈالرز کا اضافہ ہوا اور یہ حد 18.36 ارب ڈالرز ہوگئی-x

## US Tariffs

امریکہ نے ملک میں درآمد کئے جانے والے سمارٹ فونز اور کمپیوٹرز کو تازہ ترین محصولات سے مستثنیٰ رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ امریکی کسٹمز اور سرحدی حفاظت سے متعلق نوٹس کے مطابق امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ذریعے بیشتر ممالک پر عائدکردہ 10 فیصد محصول ہے۔ سمارٹ فونز اور کمپیوٹرز کو مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔ چین سے درآمد کی جانے والی اشیاء پر مذکورہ محصول کہیں زیادہ 145 فیصد ہے۔

5 اپریل سے پہلے امریکہ میں درآمد کئے جانے والی مصنوعات پر یہ استثنیٰ لاگو ہوگا۔

الیکٹرونک آلات اور پرزے جن میں سیمی کنڈکٹر،شمسی سیل اور میموری کارڈز بھی شامل ہیں انھیں بھی محصول سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔

اس قدم سے اہم ٹیکنالوجی کی کمپنیوں جیسے Apple جو چین میں آئی فون اور دیگر مصنوعات تیار کرتی ہیں انھیں فائدہ پہنچے گا۔ یہ اعلان ایسے وقت میں آیا ہے جب ٹرمپ انتظامیہ نے چین سے امریکہ کو درآمد کئے جانے والی اشیا و سامان پر کم سے کم 145 فیصد محصول فائدہ کیا تھا-x

## Archery World Cup

تیراندازی میں، Jyothi سُریکھا Vennam اور Rishabh Yadav کی بھارتی جوڑی نے امریکہ کے فلوریڈا میں عالمی کپ مرحلہ ون میں Compound مکسڈ ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارتی جوڑی نے Huang I-Jou اور

Chen Chieh Lun کی چائنیز تائیپی کی جوڑی کو کل رات ایک سنسنی خیز فائنل مقابلے میں 151 کے مقابلے 153 پوائنٹس سے شکست دی۔ Rishabh نے عالمی کپ میں یہ پہلا سونے کا تمغہ جیتا ہے، جبکہ اس مقابلے میں جیوتھی کے لیے یہ 11 واں سونے کا تمغہ ہے۔ قابلِ ذکر ہے کہ جب سے تیراندازی کو اولمپک مقابلے میں شامل کیا گیا ہے، اس کے بعد سے بھارتی جوڑی Compound مکسڈ ٹیم زمرے میں پہلی مرتبہ چیمپئنز بھی بنی ہے۔

انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی نے بھی حال ہی میں تیراندازی کو 2028 کے Los Angeles اولمپکس میں شامل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔×

Bihar WC Kabaddi

بہار، راجگیر میں اس سال پہلی جون سے 10 جون تک خواتین کے لیے کبڈّی کا عالمی کپ 2025 کی میزبانی کرے گا۔ خواتین کے اس عالمی کپ میں 14 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ بہار دوسری مرتبہ خواتین کے لیے کبڈّی کے عالمی کپ کی میزبانی کے فرائض انجام دے گا۔ ×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......حسین

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے کئی اخبارات نے وزیر اعظم نریندر مودی کے کل امبیڈکر جینتی کے موقع پر ہریانہ میں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کئے جانے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے اس بیان کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔

"چھتر پتی شیواجی مہاراج دنیا کے لیے تحریک کا ذریعہ ہیں۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی ایک اہم خبر چھتیس گڑھ حکومت کی جانب نکسلیوں کے لیے خود سپردگی سے متعلق پالیسی پر مبنی ہے، جس کے تحت حکومت نے تشدد کا راستہ چھوڑ کر خود سپردگی کرنے والے نکسلیوں کی زندگی کو محفوظ اور مستقبل بہتر بنانے کا وعدہ کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے الیکشن کمشنر گیانیش کمار کی جانب سے ایک پریس کانفرنس میں ای وی ایم مشینوں کے سلسلے میں دیے گئے بیان کو صفحۂ اول پر شائع کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ای وی ایم مشینوں میں چھیڑ چھاڑ کی کوئی گنجائش نہیں۔

روزنامہ ملاپ کی ایک اہم خبر کشمیر کے صوبائی کمشنر کی جانب سے شری امرناتھ جی یاترا کے لیے تمام تیاریاں مکمل کرنے کے سلسلے میں ہے اور عالمی خبروں کو روزنامہ راشٹریہ سہارا کی اہم خبر چینی صدر کے اس بیان پر مبنی ہے۔

چینی قوم کسی بھی غیر منصفانہ دباؤ سے خوف زدہ نہیں۔ روزنامہ انقلاب کی ایک اہم خبر ہے: امریکہ میں گرین کارڈ ہولڈرس سمیت ہر غیر ملکی کا اندراج۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی کل امبیڈکر جینتی کے موقع پر ہریانہ میں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- وقف سے متعلق تشدد کے واقعات کے بعد کلکتہ ہائی کورٹ نے مغربی بنگال کے مرشد آباد ضلع میں فوری طور پر مرکزی دستے تعینات کئے جانے کا حکم دیا ہے۔

3- حکومت نے پدم ایوارڈز 2026 کے لیے نامزدگیاں مدعو کی ہیں۔ اعزازات کا اعلان اگلے برس یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جائے گا۔

4- محکمۂ موسمیات نے آج آسام اور میگھالیہ میں شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

-5 بھارت کے غیر ملکی زر مبادلہ کے ذخائر 10.8 ارب امریکی ڈالر کے اضافے کے ساتھ 676.26 ارب امریکی ڈالر مالیت کے ہوگئے ہیں۔

-6 امریکہ نے تازہ ترین محصولات سے اسمارٹ فونز اور کمپیوٹرز کو مستثنیٰ قرار دیا ہے۔

-7 امریکہ، فلوریڈا میں جاری تیر اندازی عالمی کپ اسٹیج ون کے مردوں و خواتین کی مکسڈ ٹیم مقابلے میں جیوتی سریکھا وینم اور رشبھ یادد کی بھارتی جوڑی نے سونے کا تمغہ جیتا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔